**12.07.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ عبدالواحد

**Music**

---

☆ بھارت نے عُمان کے ساحل سے کچھ دور بھارتی شہریوں کو لے جاتے ہوئے کمرشل جہاز پر حملہ کئے جانے کے بعد، مغربی ایشیا خطے میں کشیدگی کو فوری طور پر ختم کرنے کیلئے کہا ہے۔

☆ امریکہ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز، سبھی جہازوں کیلئے کھلی ہے اور امریکی فوج، جہازوں کی آزادانہ آمدورفت کو یقینی بنانے کیلئے تیار ہے۔

☆ ویتنام کشتی سانحے میں، جن 15 بھارتی سیاحوں کی موت ہوگئی تھی، اُن کے جسد خاکی کو Ho Chi Minh سٹی لایا گیا ہے۔ اب اِنھیں جلد از جلد بھارت لایا جائے گا۔

☆ اترپردیش نے ایک ہی دن میں 37 کروڑ سے زیادہ پودے لگا کر، ماحولیات کے تحفظ میں ایک نیا پیمانہ مقرر کیا ہے۔

☆ بھارت نے چین میں، 23سال تک کی عمر کی ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں، سونے کے تین تمغوں سمیت کُل 16 تمغے حاصل کئے ہیں۔

☆ اور ومبلڈن ٹینس میں اعلیٰ درجے کے Jannik Sinner اور دوسرے درجے کے الیگزینڈر Zverev کے درمیان مردوں کے سنگلز کا فائنل لندن میں جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***MEA Vessel Oman***

بھارت نے آج عُمان کے ساحل سے کچھ دور، بھارتی عملے کے ارکان کو لے جاتے ہوئے ایک کمرشل جہاز GFS Galaxy پر حملے کے بعد، مغربی ایشیا خطے میں کشیدگی کو، فوری طور پر ختم کرنے کیلئے ایک بار پھر کہا ہے۔ حملے کی مذمت کرتے ہوئے وزارت خارجہ نے ایک بیان میں بتایا کہ اِس جہاز میں سوار 11 بھارتی باشندوں میں سے ابھی تک 10 کو بچا یا گیا ہے، جبکہ ایک باشندے کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عُمان میں بھارتی سفارتخانہ صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور وہ تلاش اور بچاؤ کے کام میں عُمان کے حکام کے ساتھ سرگرمی کے ساتھ تال میل رکھے ہوئے ہے۔

بھارت نے اِس مدد پر عُمان کے حکام کا شکریہ ادا کیا۔بھارت نے خطے میں کمرشل جہازوں پر حملوں کے جاری واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس نے ایک بار پھر کہا ہے کہ سفارتی حل کیلئے جاری مذاکرات جلد مکمل کئے جائیں تا کہ خطے میں امن واستحکام بحال کیا جاسکے۔x

## US Iran Strat of Hormuz

امریکہ کی مرکزی کمان CENTCOM نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز، اُن سبھی جہازوں کیلئے کھلی ہے جو قانونی طور پر یہاں سے گزرنا چاہتے ہیں۔ امریکہ نے یہ اعلان ایران کے پاسدارانِ انقلاب IRGC کی طرف سے آبنائے ہرمز کو مزید کوئی نوٹس جاری کئے جانے تک بند کرنے کے اعلان کے کچھ ہی گھنٹے بعد کیا ہے۔ یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے، ایک پریس کانفرنس میں یہ کہے جانے کے بعد دیا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز، کمرشل جہازوں کیلئے کھلی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں CENTCOM نے کہا کہ سمندر میں جہازوں کی آمد ورفت، آبنائے ہرمز کے راستے جاری ہے اور امریکی فوجیں، بقول اُس کے ایرانی جارحیت، ہراسانی، دھمکیوں اور من مانے اعلانات کے باوجود آزادانہ آمد ورفت کو یقینی بنانے کیلئے تعینات ہیں۔اُس نے زور دے کر کہا کہ ایران، آبنائے ہرمز کو کنٹرول نہیں کرتا اور محفوظ راہداری والے راستے کھلے ہیں۔x

## Rev.Embasy Vietnam

ویتنام کے Phu Quoc جزیرے کے قریب تیز رفتار کشتی پلٹنے کے حادثے میں ہلاک ہونے والے 15 بھارتی شہریوں کا جسد خاکی آج Ho Chh Minu سٹی پہنچ گیا ہے۔ ویتنام میں بھارتی سفارتخانے نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ ضروری قانونی کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد مہلوکین کے جسد خاکی کو ہوائی جہاز کے ذریعے بھارت لایا جائے گا۔ سفارتخانے نے کہا کہ وہ قونصل خانہ اور ویتنام کے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں تا کہ جسد خاکی کی وطن واپسی کو جلد از جلد ممکن بنایا جاسکے۔

سفارتخانے نے بتایا کہ محفوظ نکالے گئے 17 بھارتی سیاحوں میں سے 16 سیاح کو بھارت لایا جا رہا ہے، جبکہ ایک سیاح، جس کی حالت سنگین بنی ہوئی ہے، Phu Quoc کے ایک اسپتال میں زیر علاج ے۔

اس دوران ویتنام کے صدر Le Minh Hung نے حادثے کی جانچ کا حکم جاری کیا ہے اور حکام کو ہدایت دی ہے کہ قصورواروں کے خلاف ضروری کارروائی کی جائے۔ x

## Tree Plantation

آج ملک بھر میں شجرکاری کی ایک بڑی مہم کا اہتمام کیا گیا۔

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے گورکھپور سے پوری ریاست کیلئے ’ورکشا روپن مہا یگیہ‘ مہم کا آغاز کیا۔ انھوں نے Link ایکسپریس وے کے نزدیک مبارک تریوینی یعنی تین درخت نیم، پیپل اور برگد کے پودے لگائے۔ انھوں نے تال رِنگ روڈ پر مولسری کا پودا بھی لگایا۔

ریاست میں آج 35 کروڑ 27لاکھ سے زیادہ پودے لگاکر ایک تاریخ رقم کی ہے۔'ایک پیڑ ماں کے نام' کے عنوان سے، پوری ریاست میں شام 6بجکر 12منٹ تک کُل 35 کروڑ 27لاکھ 89ہزار 926پودے لگائے گئے۔یہ حکومت کے 35 کروڑ کے نشانے سے 27لاکھ 89ہزار زیادہ پودے ہیں۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس حصولیابی پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اترپردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل نے بھی اِس مہم کے حصے کے طور پر جَن بھون کے احاطے میں صَندل کا پودا لگایا۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ......

**VC Sushil Tiwari**

پروگرام کے دوران جَن بھون کی نکشتر واٹیکا میں صندل کے 29پودے لگائے گئے۔ جَن بھون کے افسران اور ملازمین نے، سِندھی کھیڑا کے سرکاری گرلز ہوم کی لڑکیوں کے ساتھ مل کر شجرکاری کی اِس مہم میں حصہ لیا۔ بہت سے وزرا اور عوامی نمائندوں نے NGO ارکان، مختلف محکموں، طلبا اور عام لوگوں کے ساتھ مل کرمہم میں حصہ لیا۔ یہ مہم ریاست کے سبھی 18ڈویژنوں اور 75ضلعوں میں چلائی گئی۔ ریاست میں اِس سال پانچ جون کو بھی ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر پانچ کروڑ سے زیادہ پودے لگائے گئے تھے۔ اترپردیش میں اِس سال مجموعی طور پر 40 کروڑ 29لاکھ پودے لگائے گئے ہیں۔
لکھنؤ سے سشیل تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

وزیر داخلہ امت شاہ نے گجرات کے شہر گاندھی نگر میں بھی بڑے پیمانے پر شجرکاری کی مہم کا آغاز کیا، جس کے دوران آج اُن کے لوک سبھا حلقے میں ایک کروڑ 25لاکھ سے زیادہ پودے لگائے گئے۔

آج نئی دلّی میں ورکش متر پروگرام اور پریاورن سنرکشن سنکلپ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے زور دے کر کہا کہ شجرکاری، ماحول کے تحفظ کیلئے انتہائی اہم ہے اور اس سے ایک پائیدار مستقبل کی یقین دہانی ہوتی ہے۔مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے بھی، اِندور میں شجرکاری کی مہم کا آغاز کیا، جس کے تحت پوری ریاست میں 21لاکھ پودے لگائے جانے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔x

## ***Vice President***

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج زور دے کر کہا کہ یہ ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ ملک کے سماجی مصلحین کے عظیم ورثہ کا احترام کریں اور اسے برقرار رکھیں۔ جناب رادھا کرشنن آج نئی دلّی کے دوارکا کے Mannam انٹرنیشنل سینٹر میں سماجی مصلح اور مجاہد آزادی Mannathu پدمانابھان کے مجسمہ کی نقاب کشائی اور Mannam Smirthi Mandapam کا آغاز کرنے کے بعد بات کر رہے تھے۔مجمع سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ Mannathu پدمانابھان نے اپنی پوری زندگی سماجی انصاف، مساوات، تعلیم اور عوامی خدمت کیلئے وقف کردی۔x

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی آکاشوانی پر، 'من کی بات' پروگرام میں اِس ماہ کی 26 تاریخ کو ملک کے عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 136واں نشریہ ہوگا۔

لوگ اس پروگرام کیلئے اپنے خیالات اور تجاویز اِس ٹول فری نمبر پر بھیج سکتے ہیں:

ایک آٹھ صفر صفر– ایک ایک– سات آٹھ صفر صفر

لوگ اپنی رائے نریندر مودی ایپ یا MoGov اوپن فورم پر بھی بھیج سکتے ہیں۔

لوگ اِس کیلئے 1922 پر مسڈ کال بھی دے سکتے ہیں اور وزیر اعظم کو براہِ راست اپنی تجاویز، SMS پر موصولہ لنک کے ذریعے رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ آئندہ نشریے کیلئے تجاویز اِس ماہ کی 24 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔x

## Goyal Visit

تجارت وصنعت کے وزیر پیوش گوئل کل سے اِس ماہ کی 17 تاریخ تک اسپین، بلجیم اور فن لینڈ میں بھارتی تاجروں کے، ایک اعلیٰ سطح کے وفد کی قیادت کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ اِس دورے کا مقصد یوروپ کے ساتھ بھارت کی اقتصادی شراکت داری کو مستحکم بنانا ہے، جس میں تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، اختراع اور پائیداری پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

جناب گوئل اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں کل اسپین جائیں گے، جہاں وہ اسپین کے ایوانِ تجارت، CEOE اور ICEX Spain تجارت وسرمایہ کاری کے ساتھ، تجارت سے متعلق ایک گول میز کانفرنس میں شرکت کریں گے۔x

## MoUHA CPWD

ہاؤسنگ اور شہری امور کے مرکزی وزیر منوہر لال نے، تعمیر کے شعبے میں، ماحول کیلئے سازگار ٹیکنالوجی اپنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جس کا اہتمام نئی دلّی میں تعمیرات کے محکمے کے 172ویں یومِ تاسیس کے موقع پر کیا گیا تھا، وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ کوئی بھی عمارت یا ڈھانچہ تعمیر کرتے ہوئے، اس کی پائیداری سے سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیئے۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے اترپردیش کے ضلع غازی آباد میں سرکاری تعمیرات کی عمارت سے متعلق قومی کونسل کا، ورچوئل وسیلے سے سنگ بنیاد بھی رکھا۔x

## India Qatar Mourning

بھارت نے قطر کے موجودہ امیر کے والد شیخ حمد بن الخلیفہ الثانی کے انتقال پر کل ایک روزہ قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ شیخ حمد بن الخلیفہ الثانی کا آج انتقال ہوگیا۔ ملک بھر میں اِس دوران تمام سرکاری عمارتوں پر قومی پرچم نصف سرنگوں رہے گا۔ اِس کے علاوہ اُس دن کوئی سرکاری تقریب منعقد نہیں ہوگی۔ x

## Lindsey Graham Died

امریکی سینیٹر Lindsey Graham کا مختصر بیماری کے بعد انتقال ہوگیا۔ وہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایک قریبی ساتھی تھے۔ اُن کی عمر 71سال رہی۔صدر ٹرمپ کی دوسری مدت کے دوران، Graham امریکہ کی خارجی پالیسی سے متعلق ایک اہم آواز کے طور پر ابھرے تھے۔x

## South China Sea

امریکہ، برطانیہ اور ایک درجن دیگر مغربی اور ایشیائی ممالک نے آج دوبار زور دے کر کہا کہ بحیرۂ چین میں چین کے وسیع دعوے 2016کے ثالثی کے فیصلے کی بنیاد پر غیرقانونی ہیں۔ چودہ ممالک کی طرف سے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ وہ متنازعہ آبی حدود میں عدم استحکام پیدا کرنے والے اقدامات کو مسترد کرتے ہیں، کیونکہ اِس سے علاقائی استحکام کو خطرہ ہے۔ دوسری جانب 27ممالک پر مشتمل یوروپی یونین نے ایک علیحدہ بیان جاری کرتے ہوئے اِس فیصلے کو تنازعات کے پُرامن حل کیلئے ایک تاریخی فیصل قرار دیا ہے۔ یہ بیانات 12جولائی 2016 کو The Heg میں قائم کردہ ٹرائنونل کے ثالثی کے فیصلے کے ضمن میں آئے ہیں، جس میں کہا گیا تھا کہ یہ تاریخی فیصلہ، فریقین کو حتمی اور قانونی طور پر پابند بناتا ہے۔

تاہم چین نے اِس فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اِس کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور اِس کی پابندی لازم نہیں ہے۔ چین نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ بیجنگ اِسے تسلیم نہیں کرتا۔ x

## Bangladesh Flood

بنگلہ دیش میں پچھلے ہفتے سیلاب اور زمینی تودے کھسکنے کی وجہ سے 40افراد ہلاک ہوگئے۔ بہت سی جانیں زمینی تودے کھسکنے کی وجہ سے ضائع ہوئی ہیں اور بقیہ زیادہ تر اموات پانی میں ڈوبنے یا سیلاب میں بہہ جانے اور دریاؤں کی طغیانی کے سبب ہوئی ہیں۔

ملک کی، قدرتی آفات کی صورت میں بندوبست کرنے والی وزارت کے ترجمان نے بتایا کہ سیلاب کی وجہ سے تقریباً دو لاکھ 67ہزار کنبے متاثر ہوئے ہیں۔ رات بھر شدید بارش کے سبب راجدھانی ڈھاکہ کے کئی علاقوں میں سیلاب آگیا جس سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی۔

فوج، بحریہ اور فضائیہ، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کام کرنے والی مقامی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر، 7سب سے زیادہ متاثرہ ضلعوں میں راحت کی کارروائی انجام دے رہی ہیں۔x

## Afghan Agri Minister

افغانستان کے زراعت، آبپاشی اور مویشیوں کے امور کے وزیر عطاء اللہ عمری نے آج بھارت کا اپنا چھ روزہ دورہ مکمل کیا۔ وزارت خارجہ کے مطابق افغان وزیر کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی تھا۔ گزشتہ سال اکتوبر کے بعد سے افغانستان کی طرف سے وزارتی سطح کا بھارت کا یہ چوتھا دورہ تھا، جو دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات

میں گرمجوشی کی عکاسی کرتا ہے۔ اِس دورے میں افغانستان کے وزیر نے بھارت کے زراعت اور کسانوں کے بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان سے ملاقات کی۔ دونوں فریقوں نے باہمی تعلقات نیز زراعت، آبپاشی، زرعی تحقیق، صلاحیت سازی، زرعی تجارت میں تعاون کو فروغ دینے پر تبادلۂ خیال کیا۔ x

## PIB FACT CHECK 320 Petrol

حکومت نے سوشل میڈیا پر گردِش کرنے والی ایک فرضی تصویر سے انکار کیا ہے، جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایتھانول کی آمیزش والے پیٹرول سے، گاڑیوں کی ایندھن کی ٹنگی میں خرابیاں آسکتی ہیں۔

پریس انفارمیشن بیورو کے، حقائق معلوم کرنے والے یونٹ نے اِس دعوے کو جھوٹا قرار دیا ہے۔ بیورو نے کہا کہ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے وضاحت کی ہے کہ تیل مارکیٹنگ کمپنیوں کی طرف سے سپلائی کیا گیا E20 پیٹرول، بھارتی معیارات کے بیورو کی طرف سے مقرر کئے گئے پیمانے کے مطابق ہے۔

وزارت نے کہا کہ ایتھانول اور پیٹرول، مکمل طور پر ایک دوسرے میں ضم ہوجاتے ہیں اور یہ الگ نہیں ہوتے اور نہ ہی کسی طرح کی الگ الگ پرتیں بناتے ہیں۔x

## Prez Janaki Amma Demise

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے معروف گلوکارہ S Janaki کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک موسیقی کی دنیا کی ایک عظیم شخصیت سے محروم ہوگیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ایس جانکی کی گلوکاری کا منفرد انداز نسلوں کو متاثر کرتا رہے گا۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ایس جانکی نے چھ دہائیوں پر مشتمل اپنے کیریئر میں 20 بھارتی زبانوں میں، جس میں ہندی، اردو، پنجابی، اڑیہ، بنگالی شامل ہے، ہزاروں گانے گائے۔ x

## Athletics

چین کے Ordos میں ایشین انڈر 23 ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں بھارت نے 16 تمغوں کے ساتھ اپنی مہم ختم کی۔ اِس میں سونے کے 3، چاندی کے 4 اور کانسے کے 9 تمغے شامل ہیں۔ چمپئن شپ کے آخری دن بھارت نے سونے کے دو، چاندی کے دو اور کانسے کا ایک تمغہ جیتا۔ x

## Add Wimbledon

ومبلڈن ٹینس میں، مردوں کے فائنل مقابلے میں لندن میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی اٹلی کے Jannik Sinner اور جرمنی کے Alexander Zverev کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ Sinner نے Novak Djokovic سے سیدھے سیٹوں میں جیت حاصل کرکے فائنل میں جگہ بنائی ہے جبکہ Zverev نے برطانیہ کے Arthur Fery کو شکست دے کر پہلی دفعہ فائنل تک پہنچے ہیں۔

دوسری جانب دسویں درجے کی جوڑی چین کی Hanyu Guo اور فرانس کی Kristina Mladenovic نے خواتین ڈبلز کا خطاب اپنے نام کرلیا ہے۔ انہوں نے خطابی مقابلے میں دوسرے درجے کی جوڑی کناڈا کی Gabriela Dabrowski اور برازیل کی Luisa Stefani کو چھ - تین، سات - پانچ سے شکست دے کر اپنا پہلا Grand Slam خطاب حاصل کیا۔x

## *Women's Cricket Test*

انگلینڈ میں لندن کے لارڈس کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے جا رہے خواتین کرکٹ کے ایک تاریخی ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن اب سے کچھ دیر پہلے تک انگلینڈ نے 9وکٹ پر 49رن بنا لئے تھے۔

اِس سے قبل بھارت نے 7وکٹ پر 341رن بنا کر اپنی دوسری اننگز ڈکلیئر کی اور میزبان انگلینڈ کے سامنے جیت کیلئے 457رن کا نشانہ رکھا۔کل انگلینڈ کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 170رن پر آؤٹ ہوگئی تھی۔

بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں 285رن بنائے تھے۔x

## *FIFA World Cup*

FIFA عالمی کپ کے سیمی فائنل کی ٹیمیں طے ہوچکی ہیں۔ ارجنٹینا، انگلینڈ، فرانس اور اسپین نے سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ آج صبح کھیلے گئے کوارٹر فائنل میں انگلینڈ نے ناروے کو دو–ایک سے جبکہ ارجنٹینا نے سوئٹزرلینڈ کو تین ایک سے شکست دی۔ پہلا سیمی فائنل فرانس اور اسپین کے درمیان DALLAs میں بدھ کی رات ساڑھے بارہ بجے جبکہ دوسرا سیمی فائنل انگلینڈ اور ارجنٹینا کے درمیان جمعرات کو کھیلا جائے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆